योग साधन की तैयारी

ले० लालचन्द अहूजा

اوم

یوگ سادھن کی تیاری

ترجمہ

حسب فرمائش رائے صاحب لالہ لال چند جی

از قلم لال چند آنند ہیڈ ماسٹر
آریہ ہائی سکول ایبٹ آباد
(ہزارہ)

آنریری مہاویروں کا

سوالات

میں راجہ ہوں۔ میں مہاراجہ ہوں۔ میں ادھی پتی ہوں میں سمراٹ ہوں۔ میں سوراٹ ہوں۔ میں وراٹ ہوں۔ ایسا یدی کوئی منش کہنے لگا۔ تو سب اُس کو پاگل اتھوا مورکھ کہنے لگ جائیں گے ۔ پرنتو وچار کرنا ہے کہ کیا یہ ستیہ نہیں ہے۔ پیارے پاٹھکو! آپ بھی وچار کیجئے۔ کہ آپ میں سے پرتی ایک سجن راجہ اور مہاراجہ واستو میں ہے یا نہیں؟

آپ کداچت پوچھیں گے۔ کہ "یدی ہم راجے مہاراجے اور سمراٹ ہیں۔ تو ہمارا راجیہ اور سمراجیہ کہاں ہے؟ راج کے بنا راجہ نہیں ہو سکتا۔ تتھا سمراجیہ کے بنا سمراٹ بھی نہیں ہو سکتا۔ دوسری بات یہ ہے۔ کہ ہر ایک منش راجہ مہاراجہ اور سمراٹ کیسے ہو سکتا ہے؟ کئی راجے ہوں گے۔ اُن سے کم مہاراجے ہوں گے۔ اور سمراٹ تو تعداد میں سب سے کم ہی ہوں گے۔ اس لئے یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ ہر ایک منش سمراٹ بن جائے۔

پرنتو "ویدک دھرم" کی بات ہی اور ہے۔ یہاں ایسی ویوستھا ہے۔ کہ ہر ایک منش سمراٹ بن سکتا ہے۔ سمراٹوں کو اُتپن کرنے والا یہ "ویدک دھرم" ہے۔ یدی آپ سمراٹ بننا چاہتے ہیں۔ تو آپ کو ارتھات آپ میں سے ہر ایک کو سمراجیہ ارپن کرنے کا سامرتھ "ویدک دھرم" میں ہے۔ یہ سمراجیہ چھوٹا نہیں ہوگا،

پرنتو جتنا چاہیے اُتنا وستت اور پرچنڈ سمراجیہ آپ میں سے ہر ایک کو مل سکیگا ::
یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ اِس کا وچار کرنا ہے۔ راجیہ کے بنا راج نہیں ہو سکتا ہے۔ یہ بات
سچ ہے۔ پرنتو یہاں ایسی اوستھا ہے کہ ہم اپنا راجیہ، مہاراجیہ تتھا سمراجیہ ہوتے ہوئے بھی
کنگال بنے ہیں۔ اپنے راجیہ کے آپ ہی سوامی ہیں۔ پرنتو اس کو دوسروں کے ادھین کرنے
کا کارن ہماری یہ ایسی اوستھا بن گئی ہے۔ پرنتو کوئی سوچتا نہیں ::

جس کو اپنی شکتی کا پتہ لگا ہے۔ اُس کو "سوراجیہ" پراپت کرنے میں دیری نہیں لگ سکتی۔ منش
کیسا بھی پرادھین اوستھا میں پہنچ گیا ہو۔ وہ اُسی سمے سوراجیہ پراپت کر سکتا ہے کہ جس سمے
اُس کو اپنے آتمک بل کا گیان ہوتا ہے۔ :: اپنے سامرتھ کا پربھاو ودت ہونے کے پشچات
کوئی بھی پرادھینتا میں نہیں رہیگا۔ اور اُسکو کوئی بھی پرتنتر نہیں کر سکیگا ::

پرادھینتا تب تک رہتی ہے کہ جب تک ہر ایک اپنے آپ کو ہین اور دین سمجھتا ہے۔ جو
اپنے آپ کو ادھین اور ہین سمجھتا ہے۔ اُسکو کون اُٹھا سکتا ہے؟ جو سچ مچ اپنے آپ کو
دل سے کمزور مانتا اور سمجھتا ہے۔ وہ اپنی پرادھینتا کی شرنکھلا سویم اپنے ہاتھوں سے بناتا ہے
اور اپنے پاؤں میں دھارن کرتا ہے ::

یا کہو آپ سمراٹ ہوتے ہوئے سادھارن قیدی کے سمان اپنے آپ کو پرتنتر کیوں مانتے
گئے ہیں۔ سو ہم اپنے ہی وچاروں سے اور اپنے ہی پریتنوں سے آپ قید میں گئے ہیں اور پرادھین
بنے ہیں۔ اور جب کبھی آپ کی غلطی ہوگی۔ تب آپ کو کوئی دوسرا سوتنتر نہیں کر سکیگا۔
جب تک آپ کو گیان سے دلیہ انوبھو نہیں ہوگا۔ ارتھات آپ کو بندھن کیلئے تھا آپ کی

سوتنترتا کیلئے آپ کا من ہی کارن ہے۔ ارتھات آپ کے وچار جیسے ہونگے ویسے آپ بن سکتے ہیں :؛

تات پریہ راجہ بننے کے آپ کے وچار ہونگے تو آپ راجہ بن سکتے ہیں۔ اور سمراٹ بننے کا آپ کا وچار ہوگا تو آپ سمراٹ بھی بن سکتے ہیں۔ نہ آپ کو کوئی پرادھین رکھ سکتا ہے اور نہ آپ کو کوئی سوتنتر کر سکتا ہے :؛ آپ ہی آپ کے شترو اور آپ ہی متر ہیں۔ آپ ہی اپنے تارک اور آپ ہی اپنے مارک ہیں۔ آپ ہی سوئیم اپنے ادھکاری ہیں اور آپ ہی اپنے پتن کے کارن ہیں۔ دوسرا کوئی آپ کو کبھی گرا نہیں سکتا۔ اور نہ اوپر اٹھا سکتا ہے۔ پھر میں آپ سے پوچھتا ہوں۔ کہ آپ اپنے آپ کو کیوں گرا رہے ہیں؟ اپنا سمراجیہ آپ نے کیوں گنوایا؟ اپنا مہاراجیہ آپ نے کیوں توڑ دیا؟ اپنے راجیہ سے آپ کیوں نکال دئے گئے؟ :؛

کیا آپ کو پتہ ہے۔ کہ آپ کون ہیں؟ میں یہی کہوں گا کہ آپ سوئیم "اندر" ہیں تو آپ کداچت مانیں گے بھی نہیں۔ پرنتو وید بھی کہتا ہے کہ جیو آتما کا نام اندر ہے۔ آپ جیو آتما ہیں۔ اس لئے آپ میں سے ہر ایک "اندر" ہے۔ آپ کی بھاشا میں بھی اس کا پرمان ہے۔ آپ اپنے ہاتھ، پاؤں، آنکھ، ناک آدی کو "اندری" کہتے ہیں۔ "اندری" کیا ہے؟ جو "اندر" کی شکتی ہے۔ وہ ہی "اندری" ہوتی ہے۔ آپ اپنے انگوں کو "اندری" کہہ رہے ہیں۔ اور مان رہے ہیں۔ اس سے سدھ ہے کہ آپ اپنے آپ کو ہی "اندر" مان رہے ہیں۔ پھر آپ کے راجہ مہاراجہ اور سمراٹ ہونے میں شنکا کیوں ہے؟

یدی آپ سچ مچ اندر ہیں۔ تو آپ سمراٹ بھی ہیں۔ منشیوں کے راجہ کو "نریندر" کہتے ہیں۔ پکشیوں کے راجہ کو "کھگیندر" کہتے ہیں۔ مرگوں کے راجہ کو "مرگ اندر" کہتے ہیں۔ نروں کا اندر کھگوں (پکشیوں) کا اندر مرگوں کا اندر جو ہوتا ہے۔ وہ اس اس جاتی کا راجہ ہوتا ہے۔ اس پرمان سے آپ کو گیات ہوگا کہ "اندر" شبد راجہ مہاراجہ اور سمراٹ کا پریاو بتاتا ہے:

وید بھی کہتا ہے کہ

(1) رگ وید 4/2/20
(2) اتھروید 6/96/2
(3) رگ وید 1/32/15

(1) "اندر سچا سمراٹ ہے" (2) ہے اندر تو ادھیراج ہے۔ (3) اندر ستھاور جنگم کا راجہ ہے:

یہ وید کا کہنا ہے۔ جس کارن جیواتما اندر ہے۔ اسی کارن جیواتما سمراٹ۔ ادھی راجہ اور ستھاور جنگم کا راجہ بھی ہے۔ یہ نشچیہ رکھئے کہ وید کا کہنا کبھی استیہ نہیں ہو سکتا۔ یہ دوسری بات ہے۔ کہ آپ وید کے کتھن کو نہ مانتے ہوئے اپنے آپ کو ہین۔ دین اور دربل مان رہے ہیں۔ اور یہی کارن ہے کہ آپ سوئیم راجہ اور مہاراجہ ہوتے ہوئے بھی سادھارن قیدی کے سمان پرادھین بن گئے ہیں۔ آپ سمراٹ ہو کر بھی اپنے آپ کو پرادھین سمجھ رہے ہیں۔ آپ سوامی اور دھنی ہوتے ہوئے بھی داس اور نردھن بنے ہیں۔ یدی آپ آگیا کریں گے تو آپ کی آگیا مانی جا سکتی ہے۔ پرنتو برے وچاروں کے ادھین ہونے کے کارن آپ آگیا کرنا ہی بھول گئے ہیں:

پربھ پاٹھکو! سوچئے تو سہی یہ کیا چمتکار ہے؟ جیوآتما راجہ اور مہاراجہ ہے۔ اور اُس کا راجیہ اکھنڈ سامراجیہ اس دیہہ میں ہیں۔ پرنتو اس میں کتنا پریورتن آگیا ہے۔ کہ یہ مہاراجہ اور سمراٹ آتما یہاں ہی اپنے راجیہ میں تھا اپنی ہی راجدھانی میں اپنے آپ کو قیدی سمجھنے لگا ہے۔ اپنا سامراجیہ شترؤوں کے آدھین کرکے سوئیم ہین اور دین بن کر دوسروں کی سہائتا سے اپنا گزارا چلانے کا یتن کر رہا ہے۔ سوئیم سمرتھ ہوتے ہوئے نربل کے سمان دیوہار کر رہا ہے۔

رگ وید 10/47/5

"میں اندر ہوں اس لئے میرا پراجے نہیں ہو سکتا" یہ اس کا بھاو ہونا چاہئے تھا۔ پرنتو اس آج بھاو کے سمان پر یہ سمجھتا ہے۔ کہ "میں انادی کال سے بندھن میں ہوں میں قیدی ہوں۔ میں کاراگرہ میں ہوں۔ میں کبھی سوتنتر نہیں تھا۔ میں پرابوت ہوا ہوں" یہ مہاراجہ ایسا پاگل بنا ہے۔ یہ سمراٹ سوئیم قید میں جا کر رہا ہے۔ اب اس کا یہ پاگل پن کیسے دور ہو سکتا ہے؟

برے وچار اس کے شترو ہیں۔ ہین بھاو اس کے گھات کرنے والے ہیں۔ اپنی شکتی پر وشواس ہونے سے اُکت شترو پربل ہوتے ہیں۔ اور آتمک بل پر درڑھ وشواس ہونے سے اُکت شترو دور ہوتے ہیں۔ اس لئے ہے بھائی ~~جیوں~~ جیوآتمن۔ یہ بات سمجھو کہ "تمہارا جے اور پراجے تمہارے اندر کے بھاوؤں کے انکول ہوتا ہے"۔ اس لئے وید کہتا ہے کہ "کان سے اچھی بات سنو۔ آنکھوں سے اچھے پدارتھ دیکھو، اور آیو سماپت ہونے تک گیانیوں کی سیوا کرو" ایسا کرنے سے سب وچار جاگرت

رہتے ہیں۔ اور سو سو وچاروں کے کارن سدا دھے ہوتا ہے۔ یہ سمراٹ آتما رام مہاراج ادھیراج ہے۔ اس کے راج میں ایک طرف سپت رشیوں کا پوتر آشرم ہے ۔ یہ سپت رشی اس پوتر آشرم میں یگ یاگ کر رہے ہیں۔ دیکھئے ان کا ستر لمبا چل رہا ہے! یہ سو برس چلنے والا ستر ہے ۔ سپت رشی سونیم اس میں ہون کر رہے ہیں۔ دیکھئے

یجروید ۳۴/۵۵

"سات رشی ہر تی ایک شریر میں (پتّا) رہتے ہیں۔ اور دوسرے سات (آبرداد) دوش نہ کرتے ہوئے اس (سند) یگیہ کرتا کا رکھشن کرتے ہیں ؛

اس منتر میں سپت رشیوں کے سو ورش چلنے والے ستر کا ورنن ہے ۔ یہ سپت رشی کون ہے؟ اس شنکا کا اُتر یہ ہے کہ سات گیان اندریاں ہی سپت رشی ہیں۔ دو آنکھ دو کان۔ دو ناک ایک واک اندری ان سات اندریوں سے گیان اندر آتا ہے۔ رشیوں کا گیان ہی ہوا کرتا ہے۔ مستشک کی اگنی میں گیان کی آہوتیاں یہ سپت رشی ڈال رہے ہیں۔ اور ان کا یہ گیان یگیہ سو ورش تک چلتا رہیگا۔ کیونکہ منش کی سادھارن آیو سو ورش کی ہے۔ سو ورش چلنے والا یہ گیان ستر وشیشتا مستک کے وبھاگ میں یہ ساتوں رشی چلا رہے ہیں۔ ان کا مکھ ہون کنڈ مستک میں ہے۔ ان کے دوارا پراپت گیان مستشک میں سنگت ہو رہا ہے۔ یہ گیانی رشی برہمن ہیں۔ یہ برہمنوں کا گیان یگیہ ہے۔ اُکت سمراٹ کے راشٹر میں یہ یگیہ چل رہا ہے۔ پرجا جن جو کاریہ کرتے ہیں۔ اس کا انش مہاراج ادھیراج کو کر روپ سے ملنا ہی چاہئے۔ برہمنوں کے گیان یگیہ میں گیان

کے سنسکار آتما تک پہنچتے ہیں ۔ یہ ہی براہمنوں کا کربھار ہے ۔

छा.उ. ३।१६।१

"منش یگیہ روپ ہے۔ جنم سے مرن تک یہ یگیہ چلتا ہے۔ اس کے تین سون یعنی پرکار ہیں:۔
"منش کے آیو بھر کے پہلے چوبیس ورش اس یگیہ کا پراتا سون ہے۔ اس کے پشچات کے چوالیس ورش اس یگیہ کا مادھیاندن سون ہے۔ تتھا اُس کے پشچات کے اڑتالیس ورش اس یگیہ کا ترتیہ سون ہوتا ہے"

پراتا سون .... 24 ورش (پراتا کال 24 ورش کی آیو تک)
مادھیاندن سون 44 ورش (درمیانہ [مدھیانہ] 68 ورش کی آیو تک)
تیسرا سون 48 ورش (سائنکال 116 ورش کی سماپتی تک)

116 سادھارن آیو کی مریادا ۔

یہ یگیہ ایک سو سولہ ورش تک چلتا ہے ۔ اس کے پشچات مرتیو ہو کر اس یگیہ کی پورنتا ہوتی ہے۔ یگیہ میں پراتا کال میں مدھیاہن میں اور اُس کے پشچات تیسرے پہر میں تین سون ہوتے ہیں۔ منش کی سمپورن آیو کو ایک دن سمجھ کر اُس کے تین وبھاگ اُکت پرکار بنائے گئے ہیں۔ گیان یگیہ میں بھی برہمنوں کے لئے یہ تین سون ہیں۔ پرتھم آیو میں گیان پراپت کرنا۔ مدھیہ آیو میں اُس کا منن کرنا اور اُتر آیو میں وہ گیان دوسروں کو ارپن کرنا۔ یہ آیو بھر کا گیان یگیہ ہے۔ یہی پرکار اُکت بہت رشیوں کے آشرم میں چل رہا ہے۔ وید کہتا ہے کہ ۔۔۔

رگ وید 12/10/10

"اس کا مکھ برہمن ہے" ارتھات (برہم) گیان کا کاریہ کر رہا ہے۔ یہ مکھ کا سمبھاؤں ہی "برہماورت دیش" "نواہر برہم منتر کا منڈپ ہے۔ جس برہماورت کشتریہ کا مہاتما ورنن کیا جاتا ہے۔ وہ اس شریر روپی راشٹر میں یہ مستک ہی ہے جس میں نیتر شروتر آدی سب اندری روپ رشی تپسیا کر رہے ہیں۔ اس پرکار اس آتما کے سمراجیہ میں یہ رشیوں کا سمراجیہ چل رہا ہے:

اسے اتی رکت اس کا دیکھو اور دیکھئے۔ کشتری بھی یہاں کاریہ کر رہے ہیں۔ کشتریوں کا کاریہ سمرکشن کا ہوتا ہے۔ دکھ سے بچانے والے کشتری ہوا کرتے ہیں وید کہتا ہے کہ۔

رگ وید 12/10/10

"باہو کشتری بنائے گئے ہیں" اس راجیہ میں باہو ہی کشتری ہیں۔ پرنتو یہ کوئی نہ سمجھے کہ کیول باہو ہی کشتری ہیں۔ اور رکشا کا کاریہ کیول باہوؤں دوارہ ہی ہو رہا ہے۔ جس پرکار پوروالت گیان گنگا میں نندوں کا ورنن ہوا ہے۔ اور اس میں سات جاتی کے پنڈت سملت ہوئے ہیں۔ اسی پرکار یہیں جاتی کے کرم ویر کشتری اس راشٹر میں موجود ہیں۔ دو لکھ ایک مکھ ایک گد دوارا اور ایک موتر دوارا تتھا دو پاؤں یہ سات جاتیوں کے کشتری شریر کا دکھ نوارن کر رہے ہیں۔ ان میں پاؤں شودر ہونے پر بھی یدھ بھومی میں ان کا اپیوگ ہونے سے ان کی گنتی یہاں کشتریوں میں کی ہے۔ وید میں اسی درشٹی

"برہمن اور کشتری" کا ہی استھان استھان اُلیکھ ہوتا ہے۔ جیسا

یجروید 20/25

"جہاں برہمن اور کشتری مل کر رہتے ہیں۔ وہ پنیہ پردیش ہے"۔ یہاں سب جنتا برہمن کو تیل
وکلپت مانی ہے۔ ارتھات برہمنوں سے جو بھن ہیں وہ سب کشتری ہیں۔ کیونکہ وہ سب
کلیش دور کرنے کا کاریہ کرتے ہیں۔ اس پرکار سامانیہ ورنن ہے۔ استھو۔ یہ سب دھرم ویر
دوشٹوں کو دور کرکے دکھوں سے بچاتے ہیں۔ اس لئے کہا ہے کہ۔

یجروید 55/33

"یہ سات کشتری اس یگیہ کا رکشن کرتے ہیں" کیونکہ رکشا کرنے کا کاریہ کشتریوں کا ہی ہے۔
سات برہمن یگیہ کر رہے ہیں۔ اور سات کشتری اس یگیہ کی رکشا کر رہے ہیں۔ یہاں سات جاتیاں
سمجھنا اُچت ہے۔ کیونکہ ایک کال کے ادھیکار میں کردروں چھوٹے کیٹنوں کا کاریہ کر رہے ہیں
اسی پرکار باہو میں بھی کروڑوں کشتری کیٹنوں ہیں۔ اس پرکار یہ مہاراج کروڑوں برہم کشتریوں
کا سمراجیہ ہے۔ تتھا کشتریوں کے سموہ میں ویش شودر سبھا آدک سب ہی ودیامان ہیں
اس سمپورن مہاراج کا مہاراجہ آتما ہے۔ اس لئے یہ سچا مہاراجہ ہے۔ اس کی ویوستھا
نمن پرکار ہے:-

آتما . . . . . مہاراجہ ادھوا سمراٹ

بدھی آنترن پرلبدھ، منتری منڈل۔

من سبھا ادرسمتی۔

گیان اندری ..... برہمن دل

کرم اندری ...... کھشتری آدی کا سنگھ۔

شریر ..... راشٹر، کرم بھومی۔ 11


سبھا اور سمتی میں برہمن کھشتری آدی کے پرتی ندھی جس ولو سے آتے ہیں۔ اسی ولو سے گیان اور کرم اندریوں کے انش من میں سمشرت ہوئے ہیں۔ اس پرکار یہ سمراجیہ ہے۔ اسکے اتیرکت جو اندر کے سکھان میں انیہ ویر اس راشٹر کا ہت کر رہے ہیں ان کی گنتی ہوئی نہیں ہے۔ ان کا سم اولیش اکت کھشتریوں میں ہی کیا اچت ہے۔

اس پرکار سے راشٹر کا ادھی پتی یہ جیو آتما ہے۔ جب یہ سمپورن شریر پر ادھکار کرتا ہے۔ تب اس کی پدوی "راجہ" ہوتی ہے۔ جب یہ سوکشم شریر پر ادھکار کرتا ہے۔ تب اسکو "مہاراجہ" کہتے ہیں۔ جب یہ کارن شریر پر کارن کرنے میں کرت کاری ہوتا ہے۔ تب اسکو "سمراٹ" کہتے ہیں۔ جب یہ مہا کارن شریر میں نواس کرکے وہاں کا آنند انبھو کرنے لگتا ہے۔ تب اسی کو "سوراٹ" کنوا "وراٹ" کہتے ہیں۔ یہی اس کی ہلکت اوستھا ہے۔ اس سمے یہ اپنے ہی تیج سے پرکاشت ہوتا ہے۔ انیہ شبد دوارہ پرکٹ ہونے والی اوستھائیں اس سے چھوٹی اوستھائیں ہیں۔ جیو آتما کی سب سے شریشٹھ اوستھا سوراٹ اور وراٹ شبدوں دوارا پرکٹ ہو رہی ہے۔

یہی سوراجیہ کا مہتو ہے۔

اب پاٹھک جان گئے ہونگے۔ کہ ہر ایک منش کے اندر جو آتما بیٹھا ہے۔ وہی راجہ، مہاراجہ، سمراٹ، وراٹ آدمی ہے۔ پرنتو ادھین و چاروں کے ادھین ہونے کارن وہ اپنے ادھیکار سے بھرشٹ ہوا ہے۔ جب اِسکو آتما کی شکتی کا ان بھو ہوگا۔ تب وہ اپنے سوراجیہ میں آنند کرنے لگیگا ؛


اسے سمراجیہ کا ورنن جتنا چاہئے وِستار پوروک لکھا جا سکتا ہے۔ اور اُس کا سنکشیپ بھی کیا جا سکتا ہے۔ یہاں سارانش سے اس کا سوروپ بتایا ہے۔ اب اس کا چتر بنا کر اُکت بات ہی پھر لکھتا ہوں ـــ



اُکت چتر سے وِیکتی میں اور راشٹر میں جن باتوں کی سمتا ہے۔ اُن باتوں کی کلپنا ویکت ہو سکتی ہے تتھا شریر میں راشٹر بھاو اور راشٹر میں شریر بھاو کس پرکار سمجھا جا سکتا ہے۔ اس کا بھی گیان ہو سکتا ہے۔ ویدک کی یہ بات سمجھ میں آنے کیلئے اس بات کی پورن جاگرتی ہونی چاہئے۔ دیکھئے ـــ

(۱) منش کا شریر (جنتا کا ایکتوا) راشٹر کا سنکچت آکار ہے۔

(۲) راشٹر انیوا جنتا منش کا وسترت شریر ہے۔



اس پرکار یہ وستار اور سنکوچ کی کلپنا ہے۔ ایک دیہہ میں جو گُن ہیں۔ وہی راشٹر میں ورن روپ میں پرنیت ہوئے ہیں۔ اپنے اندر راشٹر تیا اور راشٹر میں اپناپن دیکھنا چاہیئے۔ ہم ویشٹ وسمشٹی میں ایک بھاونا کا درشن کرنا چاہیئے۔ دونو ستھانوں میں کاریہ کرنے والے ایک ہی ہیں پرکار بھید ہیں۔ جس کے وچار میں یہ بات آجائیگی وہ اپنے آتما کا سمجھیہ ٹھیک پرکار جان سکتا ہے۔

اپنے شریر میں برہمن کشتریوں کا تتھا انیہ ورنوں کا نواس اس پرکار جانا جا سکتا ہے۔ پرنتو جن کا اُکت ستھانوں میں ورنن کیا ہے۔ وہ برہمن اور کشتری وہیں پر کاریہ کرنے والے ہیں۔ یہ بات بھولنی نہیں چاہیئے۔ جب تک آپ ان برہمنوں کو دکشنا دیں گے۔ تب تک وہ آپ کا یگیہ چلاتے جائیں گے۔ تتھا جب تک آپ کشتریوں کو ویتن دیں گے۔ تب تک وہ اس راشٹر کا

سنرکشن کرتے رہیں گے۔ آنکھ۔ ناک۔ کان آدی گیان اندری تھا بہت یاد آدی کرم اندری
یہ یہاں اس شریر میں تب تک ہی کاریہ کر سکتے ہیں۔ جب تک شریر کو ان ملتا رہیگا۔ شریر کو جو
ان پراپت ہوگا۔ وہی رس روپ سے پرتی ایک اندری کو ملتا ہے۔ یہی ان کا ویتن ہے۔
ویتن بھوگی راشٹر سیوا کرنے والے برے نہیں ہوتے۔ پرنتو جو آنریری خود سیوک ہوتے ہیں۔ ان
کی قابلیت کم ہوتی ہے۔ الٹ گیان ویر اور کرم ویروں کی ویتنک سیوا ہے۔ جس پرکار ستک
ویتن پر ادھیاپک اور سینک راشٹر میں رکھے جاتے ہیں۔ اسی پرکار ان کا کاریہ شریر میں ہے۔
ناک کیلئے سوگندھ ہی چاہیئے درگندھ آنے پر یہ ناراض ہوتا ہے۔ آنکھ کو اتم سندر آکار چاہیئے
کروپ شکلیں سامنے آنے پر یہ گھبراتا ہے۔ کان کے لئے مدھر سور چاہیئے۔ کرکش آواز
جب آنے لگتا ہے۔ تب یہ اسنتشٹ ہوتا ہے۔ زبان کیلئے اتم سواد پدارتھ چاہیئے
ویسے پدارتھ نہ ملنے پر یہ ہٹ کرنے لگتی ہے۔ چرم اندری کو نرم نرم سپرش والے پدارتھ چاہئیں
تب کاریہ کرتا ہے۔ نہیں تو ہڑتال کر دیتا ہے۔ اس پرکار یہ ادھیاپک گیانواہ سمن کر آعیش آرام
چاہتے ہیں۔ ان میں سے کوئی بھی کشٹ کرنے کیلئے تیار نہیں ہے۔ ان کو کتنی بھی دکشنا دی جاوے
پر کبھی ترپت نہیں ہوتے۔ ان کے اندر اس پرکار کھوٹ ہونے سے ان کا ویتن بڑھاتے بڑھاتے
مہاراجہ صاحب کسی کسی سمے تنگ آجاتے ہیں۔ پرنتو ان کو اسکی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ ایسے ویتنک
سیوک راشٹر کا کیا لابھ کر سکیں گے؟

لاکھ بار آدی کمشنری بھی ویتن ملنے تک ہی سیوا کا کاریہ کرتے ہیں۔ کل موتر دوار کے
رکشک بھی تھوڑی ورُدھ بات ہونے پر ایسے ناراض ہوتے ہیں۔ اور اپنا کام چھوڑ دیتے ہیں۔

ان بھنگیوں کی ہڑتال جب تک اس راشٹر میں ہو جاتی ہے۔ تب سمپورن راشٹر پر بڑی ہی آپتی آجاتی ہے۔
اس پرکار الگ الگ برہمنوں اور شتریوں میں پورن سوارتھ ہونے سے یہ اپنے سکھ کا وچار ادھک کرتے
ہیں۔ اور سب شریر روپی راشٹر کا وچار کم کرتے ہیں۔ ان میں جاتی بھید بھی ایسا کٹھور ہے۔ کہ ایک جاتی
کا ویر دوسری جاتی کے ویر کا سمان سویکار کرنے کیلئے کبھی تیار نہیں ہوتا۔ اسی لئے کات کبھی ایکتا
کے سمان پر نہیں آتے۔ اپنی اپنی جاتی کے بندھنوں میں ہی یہ رہتے ہیں۔ اس پرکار ان کے
آپس کے جھگڑے اور ان کا سوارتھ سے۔ جب تک یہ خوش رہتے ہیں۔ تب تک کاریہ ٹھیک
چلتا ہے۔ پرنتو جب یہ بگڑ بیٹھتے ہیں۔ تب بڑی ویپتی ہوتی ہے۔ اس لئے مہاراجہ کو ان پر پورا
وشواس رکھنا اُچت نہیں ہے ॥

یہاں بہت پاٹھک کہیں گے۔ کہ ایسا سمراٹ کتنا بڑا ہی کشٹ پرد ہے۔ سچ سچ یہی ادسکتا ہے
جو سمراٹ اپنے تنخواہ دار سپاہیوں کے بل پر وشواس رکھتا ہے۔ ان کے شستروں استروں
سے اپنے آپ کو بلوان سمجھتا ہے۔ وہ ویسا ہی پھنس جاتا ہے۔ کہ جیسا جیو آتما ان اندریوں
پر وشواس کرنے ہوا پھنستا ہے۔ جب اس پرکار یہ جیو ان اندریوں کے آدھین ہو جاتا ہے۔ تب
اس پر جو تکلیفات آتی ہیں۔ ان کا ورنن کرنا اتینت کٹھن ہے ॥

یدی کیول اتنا ہی اس راشٹر کے سوکھ ہوتے۔ تو اس سمراجیہ میں کوئی گڑ بڑ نہ ہوتا۔ کیونکہ الگ
ویروں کے سوارتھ کے ساتھ ساتھ ان کا آرام اور وشرام بھی بہت لگتا ہے۔ آدھا سمے تو
ان کے آرام اور وشرام میں ہی چلا جاتا ہے۔ ویتن لیں گے۔ آرام اور وشرام کریں گے۔ اور شیش
سمے میں یدی یہ خوش رہے تو ہی کام کریں گے۔ یہ ان کی ادسکتا ہے۔ اس لئے ان کی رکشا سے

اس راشٹر کی رکشا نہیں ہو سکتی۔ پھر اس سمراٹ کو کن ویروں پر نربھر رہنا چاہیئے؟
اس راشٹر میں آنریری کاریہ کرنے والے کئی سوئیم سیوک ہیں۔ وہ ہی اس راشٹر کے سچے
ہت چنتک ہیں۔ بالکل وہ ویتن نہیں لیتے۔ بھوگ نہیں بھوگتے۔ آرام اور وشرام نہیں
کرتے۔ اور نرنتر کاریہ کرتے ہیں۔ ان پر وشواس کرکے ہی سمراٹ کو آرام پراپت ہو سکتا ہے۔
ان کا ورنن وید میں پرکار رہا ہے۔

33/55 یجر وید

"جب الت ساتوں ویر سونے والے کے سمان میں لین ہوتے ہیں۔ تب اس شریر میں کبھی نہ سونے
والے دو دیو جاگتے ہیں۔ یہ ہمیشہ جاگنے والے اور کبھی نہ سونے والے دیو شواس اور اچھواس ہے
یہی پران ہیں۔ ٭ ان کے پانچ بھید ہیں۔ ان کے علاوہ اور پانچ بھید ہیں۔ ناگ، کرم،
کرکل، دیودت اور دھننجیہ یہ اُپ پران ہیں۔ سب مل کر پران کے دس بھید ہیں۔ یہ دس مہاویر
اس راشٹر کی آنریری سیوا کرتے ہیں۔ بھوجن ملے نہ ملے۔ وشرام ملے نہ ملے۔ سکھ ہوئے
دکھ ہوئے۔ سمپتی ملے اتھوا آپتی آوے۔ ان مہا ویروں کی نرنتر سیوا چلتی رہتی ہے۔
گیان اندریوں کے نیدرت ہو کرم اندریوں کے شور مندرا میں سو جانے پر بھی۔ یہ آنریری مہاویر
سوئیم سیوک اہرنش کاریہ کرتے ہی رہتے ہیں۔ یہ تھکتے نہیں۔ وشرام نہیں کرتے۔
اور کبھی اپنا کاریہ بند بھی نہیں کرتے ہیں۔ جب یہ اپنا کاریہ بند کرتے ہیں۔ تب یہ سمپورن
سمراجیہ ٹوٹ جاتا ہے۔ جب تک ان کی سیوا چلتی ہے۔ تب تک اس سمراجیہ میں اودیہ
"جیون" رہتا ہے۔

٭ پران۔ اپان۔ ویان۔ ادان اور سمان۔

ان کی نسوارتھ سیوا ہوتی ہے۔ نہ ان کی خوشبو سے پیار ہوتی ہے۔ اور نہ بدبو سے دویش ہوتا ہے نہ یہ سروپتا پر پریم کرتے ہیں۔ اور نہ کروپتا سے دویش کرتے ہیں۔ اور نہ مدھر سوت رہتے ان کی رچی ہے۔ اور نہ کٹھور سور سے اپرسنتا ہے۔ نہ یہ مردو سپرش چاہتے ہیں۔ اور نہ نکرشٹ سپرش کا ترسکار کرتے ہیں۔ "ایک ہی پرکار سے اور ایک نشٹھا سے اوپایت راشٹر سیوا کا کاریہ کرتے ہیں"۔ یہ ان کی اس پرکار نسوارتھ سیوا ہوتی ہے۔ اس لئے جیواتما کو سمراٹ ہونے کا آنند ہے۔ ان کے ساتھ رہنے سے تتھا ان کی سہائیتا سے ہی سمراٹ سو آنند سوراجیہ پراپت ہوتا ہے۔ اس پرکار جو سمراٹ ورتی لینے والے سینکوں پر وشواس نہ کرتا ہوا۔ آنریری نسوارتھی راشٹر ہتیشی پر مہاویروں کی انکولتا سمپادن کریگا۔ وہ ہی سچا سمراٹ بنیگا۔

پریہ پاٹھکو! آپ کو راجیہ میں ارتھات آپ پرتی ایک کے شریر میں پران ہی آنریری مہاویر ہیں۔ اور ان کی ہی نسوارتھی سیوا آپ کے سوستھ کیلئے ہو رہی ہے۔ اس بات کا انوبھو کر لیجئے اور ان مہاویروں کا سواگت کرنے کیلئے تیار ہو جائیے۔ آپ جتنا خیال اپنی اندریوں کا کرتے ہیں۔ اتنا ان پرانوں کا نہیں کرتے! یہ آپ کی بڑی بھاری بھول ہے۔ آپ اپنے سچے ہتیشیوں کا خیال نہیں کرتے۔ پرنتو سوارتھی سیوکوں کا ہی وشیش وچار کر رہے ہیں۔ آپ پوچھیں گے۔ کہ ان مہاویروں کا ستکار کیسے کیا جا سکتا ہے؟۔
"پرانایام" کی ودھی سے ان کا ستکار کیا جاتا ہے۔ پرانایام دوارا ان مہاویروں کا ستکار کریں گے۔ تو آپ کا بڑا لابھ ہو سکتا ہے۔ آپ کا سوراجیہ دیرگھ کال تک رہیگا۔

ان کا سوالت کرنے سے آپ کا ہی اپنا گورو بڑھتا ہے۔ وہ بچارے سونیم کچھ چاہتے ہی نہیں
کھانے پینے کے بنا آپ کی سیوا کر رہے ہیں۔ پر ان کا ستکار کرنا کبھی آپ سے نہیں ہوتا؟ اس لئے
ہے پیارے متّرو! اپنے پرانوں کا ستکار کیجئے۔ سویرے اور شام کو نیم پورک۔ ودھی پوروک پرانایام
کیجئے۔ اور اپنی پران شکتی کا مہتو جان کر۔ ان کا پربھاو سمجھ کر اور ان کا کاریہ پہچان کر
ان کا ستکار کیجئے۔

" ودھی پوروک پرانایام کرنے سے آپ کا اتساہ بڑھیگا۔ دیرگھ آیو پراپت ہوگی۔ اور اپورو
آنند انوبھو میں آجائیگا۔ اس لئے ان انریری سونیم سیوکوں کا ہی سدا ستکار کیجئے۔
بھولنا نہیں۔ کیوں آپ اس بات کا سمرن رکھیں گے؟

یوگ سادھن

(۲) سامانیہ سوروپ

ویدک دھرم کے تتو آچرن میں لانے کے لئے یوگ سادھن کا انوشٹھان کرنے کی اتینت
آوشیکتا ہے۔ یوگ سادھن کے بنا دھرم کا آچرن ہونا کٹھن ہے۔ اس لئے یوگ سادھن
کا وچار کرنا آوشیک ہے۔

چت کی ورتیوں کا نرودھ ہی یوگ ہے۔ گیتا میں کہا ہے۔ کہ کرم کی کشلتا کا نام یوگ ہے
تتھا سکھ اور دکھ کے وشے میں جو سمتا بدھی ہوتی ہے۔ اس کو یوگ کہتے ہیں۔ مہاپرشوں

او ستھا ہی کی ہے کل اوشا کو دور کرنا اور جیب کی ستا استکار کرنا یوگ کا پریوجن ہے چت کی چنچل ورتی کو
روکنا

سے جو ہرش ہوتا ہے۔ تتھا دکھ پراپت ہونے سے وشاد ہوتا ہے۔ باہر کے سکھ دکھ کا جو یہ
اشٹ اور انشٹ پرنام چت پر ہوتا ہے۔ اس سے چت کی ورتی اونچی نیچی ہوتی ہے۔ اس
پرکار چت چنچل ہونے سے کارن آنند کا اتینت نقصان ہوتا ہے۔ اس کا انوبھو ہر ایک
دشٹی میں پرتی ایک دن ویولا رہیں یا کھٹک دیکھ سکتے ہیں ؀

جب یوگ کی سدھی ہوتی ہے۔ تب آتما اپنے نج روپ میں استھر رہتا ہے۔ یا دھارن
اوستھا میں آتما چت کی ورتیوں کے ساتھ کھیلتا رہتا ہے۔ جس سمے چت میں جو ورتی
ہوتی ہے۔ اس ورتی کے انوسار آتما بن جاتا ہے۔ یہی آتما کی پرادھینتا ہے ~~[illegible]~~
کہی ار بھوت اس آتما کی پرادھینتا کو دور کرکے اس کو سوتنترتا پراپت کرا دینا یوگ کا کاریہ
ہے۔ اس پرکار یوگ سادھن سے سوتنترتا پراپت ہوتی ہے۔ اس لئے ہر ایک منش کو
یوگ سادھن کرنا آوشیک ہے۔

چت کی ورتی میں کام۔ کرودھ۔ لوبھ آدی وکار اتپن ہوگئے۔ تو آتما بھی کامی
کرودھی۔ لوبھی ہو کر انرتھ کرنے کے لئے پرورت ہوتا ہے۔ اس پرکار کام کرودھ آدی
شترؤں کے آدھین ہو جانے سے آتما کی آزادی نشٹ ہو جاتی ہے۔ یہی سادھارن
لوگوں کی اوستھا ہے۔ یہی پارتنتر ہے۔ اور یہی دکھ ہے۔ اس کو ہٹانا پرتی ایک کا کرتویہ
ہے۔ جیو آتما کی سوتنترتا اس کو پراپت کرا دینا یوگ کا ادھیش ہے۔ آتما سب کا راجہ ہے۔
چت کی ورتیوں کا وہ غلام نہیں ہے۔ پرنتو ان کا وہ سوامی ہے۔ من اور بدھی کا وہ پربھو ہے۔
اندریوں کا وہ ادھشٹاتا ہے۔ اس کا گیان آتما کو یوگ سادھن دوارا ہی پراپت ہوتا ہے؀

یوگ سادھن کرنیسے پہلے پُروش جو آتما اپنے آپ کو چت ورتیوں کا غلام سمجھا کئے جاتا تھا۔ وہی آتما یوگ سادھن کرنیکے کارن اپنے آپ کو سوامی اور ادھشٹھاتا انوبھو کرنے لگتا ہے۔ یہ یوگ سادھن کا مہتو ہے۔

چت کی پانچ ورتیاں ہوتی ہیں اور ہر ایک کے دو بھید ہوتے ہیں۔ ایک چت کی ورتی ہوتی ہے۔ وہ کلیش اُتپن کرتی ہے۔ اور دوسری ورتی ہوتی ہے۔ وہ کلیش کا نوارن کرتی ہے۔ دیکھئے کام کا اُپبھوگ کرنیکی چت کی ایک ورتی ہوتی ہے۔ اس کے پربل ہو جانے سے منش کامی بنتا ہے۔ اور اپنی شکتی کا ناش کرتا ہے۔ یہ کلیش کارک چت ورتی ہے۔ اسی پرکار انیک بھید اگلے ہیں ہیں۔ ان کا وچار پاٹھک کر سکتے ہیں۔ کلیش کو دور کرنے والی دوسری ورتی جب میں اُتپن ہوتی ہے۔ وہ کہتی ہے کہ "براہمچاریہ رکھو" "ایشور بھکتی کرو"۔ آدی اسی ورتی سے کلیشوں کا نوارن ہوتا ہے۔

(۱) پرمان (۲) وپریہ (۳) وکلپ (۴) ندرا اور (۵) سمرتی یہ چت کی پانچ ورتیاں ہیں۔ یہ ورتیاں ہی کلیش کارک اور کلیش نوارک ہو سکتی ہیں۔ جیسا اُداہرن کیلئے دیکھئے۔ یوگ ندرا لینے سے منش کا آروگیہ بڑھتا ہے۔ اس لئے ندرا کلیش نوارک کہی جا سکتی ہے۔ پرنتو یہی ندرا اتینت آنے کی تو سستی بڑھ جانیکے کارن منش نکما ہو جاتا ہے۔ اسی پرکار سمرتی ورتی ہے۔ سمرن شکتی کو سمرتی کہتے ہیں۔ اچھے اچھے اپدیشوں کا سمرن رکھنے سے منش کا بھلا ہو سکتا ہے۔ پرنتو دوسروں کے دوشوں نرنتر سمرن کرنے سے منش گر جاتا ہے۔ یہی سمرن شکتی جیسی اُنتی کا سادھن ہو سکتا ہے۔ اسی پرکار گراوٹ کا ہیتو بھی بن سکتی

ہے۔ اُسی پرکار اپنے سب ورتیوں کے وشے میں سمجھئے ۔

پرتیکش پرمان، انومان اور آگم یہ تین پرمان ہیں۔ پرمان ورتی تین پرکار کی ہوتی ہے۔ پرتیکش پرمان - انومان پرمان اور آگم پرمان۔ جو اندریوں دوارا پرتیکش انوبھو پراپت ہوتا ہے۔ وہ پرتیکش پرمان ہے۔ پرتیکش گیان کے انوسار جو ترک کیا جاتا ہے۔ اُس کو انومان کہتے ہیں۔ تتھا پراچین ست پرشوں کا جو انوبھو شبدوں میں سنگرہیت ہو جاتا ہے۔ وہ آگم ہوتا ہے۔ یہ ورتی بھی کلیش کارک اور اکلیش کارک ہوتی ہے۔ سمرتی کے شبد پر وشواس رکھنے سے لابھ ہو سکتا ہے۔ اور ڈھونگی کے شبد پر وشواس رکھنے سے ہانی ہوتی ہے۔ اس پرکار پرمان ورتی لابھدائک بھی ہے۔ اور ہانی کارک بھی ہوتی ہے ۔

اُلٹا گیان ہونا وپریہ کہلاتا ہے۔ پدارتھ کے سوروپ سے بھن کچھ کا کچھ سمجھنا وپریہ ورتی ہے۔ پدارتھ کا واستو پدارتھ گیان ہونے سے لابھ اور اُلٹا گیان ہونے سے نقصان ہو سکتا ہے۔ کئی لوگ بھرم سے ہانی کارک پدارتھ کو اپکارک سمجھتے ہیں۔ اور ستیہ سرشٹی اپکارک کو ہانی کارک سمجھتے ہیں۔ اور پھنس جاتے ہیں۔ یہ اُلٹا گیان ہے۔ منش کو اس پرکار کی وپریہ بھاونا سے بچنا چاہیے ۔

کیول شبد سے ہی ایک کلپنا پرست ہوتی ہے۔ پرنتو واستو میں اُس شبد کا وشیہ کوئی پدارتھ نہیں ہوتا۔ اس پرکار کے کلپنا ماتر کو وکلپ کہتے ہیں۔ پارس سے سونا ہوتا ہے۔ ایسا سمجھا جاتا ہے۔ یہاں پارس نہ ہوتے ہوئے بھی اُس کی کلپنا لوگوں میں ہے۔ اس کے بھرم سے لوگ پھنستے ہیں۔ سمیا مارگ سے غوطے کھاتے رہتے ہیں۔ اسی پرکار اس ورتی کی

اور بھی باتیں دیکھنی ہوتی ہیں۔ منش کی سندرتا۔ چنتا کروپتا آدی شبد ہیں۔ پرنتو منش سے بھن ان کا استتو نہیں ہے۔ اسی پرکار اس وشے میں سمجھئے:

ندرا کا انوبھو سب کو ہے۔ پرتی ایک پرانی پرتی دن ندرا کا انوبھو لیتا ہے۔ ندرا کے سمے ابھاو کا پرتیہ آتما ان- جاگرتی میں جو دکھائی دیتا تھا اُس سب کا اُس اوستھا میں ابھاو ہو جاتا ہے۔ پرنتو جاگنے کے سمے وہ کہتا ہے کہ "آہا! مجھے اچھی نیند لگی تھی۔ میں اچھی پرکار سویا تھا۔" ارتھات ندرا میں بھی جیو کو ایک پرکار کا انوبھو آتا ہے۔ یہ ایک چت کی ورتی ہے۔

پانچویں چت ورتی سمرتی ہے۔ انوبھو کئے ہوئے وشے کا سمرن کرنا سمرتی ہے۔

الت پرکار کی پانچ ورتیاں ہیں۔ ان کا ہر ایک منش کو پرتی دن انوبھو ہوتا ہے۔ پرتی ایک منش ان سے پرتی دن کام لیتا رہتا ہے۔ اس سے پرابھید ادھیوگ کرتا رہتا ہے۔ ان پانچوں ورتیوں کو روکنے کا ابھیاس کرنا ان کو نشچلتا پورک روکنا۔ سوادھین رکھنا یوگ ہوتا ہے۔ ان ورتیوں کے ادھین نہ ہونا۔ پرنتو اپنے ادھین ان ورتیوں کو رکھنا یوگ ہے۔ چت ورتیوں کے ادھین ہو جانے سے ادھوگتی ہوتی ہے۔ اور ورتیوں کو اپنے ادھین رکھنے سے اُنتی ہوتی ہے۔ پرتی ایک منش اپنی ورتیوں کا وچار کرے۔ اور ان کو اپنے سوادھین رکھنے کا پریتن کرے۔ تو اُس کو پتہ لگ سکتا ہے۔ کہ ورتیوں کو سوادھین رکھنے سے کتنا آتمک بل بڑھ سکتا ہے۔ آتما کے اندر بڑی بھاری شکتی ہے۔ پرنتو چت ورتیوں کے ادھین ہو جانے سے وہ آتما کی شکتی کم ہوئی رہتی ہے۔ اسی لئے چت ورتیوں کے ادھین بنا ہوا پرادھین جیو آتما نربل اور ہتاش سا ہوتا ہے۔ پرنتو جس سمے وہ اپنی پربھوتا کو جانتا ہے۔ اور چت ورتیوں کا

نرودھ کرتا ہے۔ اسی سے وہ بڑا اشکتی مان بن جاتا ہے۔ پرادھینتا میں اشکتتا ہے۔
اور سوادھینتا میں بلشٹھتا ہے۔ پرادھینتا کو دور کرنا اور سوادھینتا کی پراپتی کرنا یوگ ہے۔
ابھیاس اور ویراگیہ سے چت ورتیوں کا نرودھ ہو سکتا ہے۔ اپنا انشٹ ہیتو سدھ ہونے
تک پربل پرشارتھ سے دھارے ساتھ کرنے کا نام ابھیاس ہے۔ وہ ابھیاس بہت کال
تک لگاتار اور اچھی پرکار کرنے سے دڑھ ہوتا ہے۔ چت کی ورتیوں کو روکنے کا کام بڑا
کٹھن ہے۔ آسانی سے نہیں ہو سکتا۔ اس لئے بہت کال پرینت پرتیدن درڑھ نشچیہ سے
پریتن ہونی بڑی بھاری آوشیکتا ہے۔ یہ کام تھوڑے دنوں کے الپ پریتن سے سادھیہ
ہونے والا نہیں ہے۔ نتیہ ابھیاس کرنے کا عادت بھی یوگیہ ہونا چاہئے۔ انیتھا سب کا بگاڑ
ہونا سمبھو ہے۔ اس لئے انوشٹھان کی ٹھیک ودھی جاننے کی اتینت آوشیکتا ہے ॥
وشیوں کے بھوگ بھوگنے کی جو ترشنا ہوتی ہے۔ اس ترشنا سے دور رہنے کا نام ویراگیہ ہے۔
وشے بھوگ کی اچھا کا دمن کرنا یوگیہ ہے۔ وشے بھوگ کی اچھا پربل ہونے سے چت کی ورتیاں
بھڑکنے لگتی ہیں۔ اس لئے وشے بھوگ کی اچھا کا سنیم کرنا اچت ہے۔ اس پرکار نرنتر ابھیاس اور وشے
بھوگ اچھا کا سنیم۔ یہ دو ہی اپائے ہیں۔ کہ جن سے چت کی ورتیوں کا نرودھ ہوتا ہے۔ اور
یوگ سادھن ہو سکتا ہے۔ اس لئے جو لوگ سادھن کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو اچت ہے
کہ وہ ان دو اپاؤں کا × بنا یوگ سادھن کرنا اشکیہ ہے ॥
×کا وشیش دھیان رکھیں ان دو اپاؤں کے بنا
وشے بھوگوں کی ترشنا سے دور رہنے کا نام ویراگیہ ہے۔ ایسا ویراگیہ کہا ہے۔ جب آتما
کے سوروپ کو جاننے میں ابھی رچی بڑھ جاتی ہے۔ آتما کے ایک ایک گن میں پریتی اور بھکتی بڑھنے لگتی ہے ॥

تب پرکرتک بھوگوں سے من ہٹتا ہے۔ اور نہ ستھول پرکرتک وشے کنتو پراکرتک گنوں کے وشے میں بھی آسکتی ہٹنے لگتی ہے۔ یہ اوستھا آتما کے شکتیوں کا انوبھو نہیں پراپت ہوتی ہے۔ اس لئے اس کی سرلینشٹھتا نسندیہ ہے ؛

نرنتر ابھیاس سے پورن ویراگیہ سے جب آتما کا انوبھو ہونے لگتا ہے۔ تب اس کو اپنے آتما کے سوتنتر کا انوبھو آنے لگتا ہے۔ یہی یوگ سدھی کا پرارمبھ ہے۔ اندریوں سے انوبھو کرنے یوگ ستھول پدارتھو پر چت کی ایکاگرتا کرنے سے آتما کے انوبھو کا کنچن ماتر بودھ ہونے لگتا ہے۔ اس کو وترک اوستھا کہتے ہیں۔ سوکھشم تتوؤں پر من کی ایکاگرتا کرنے سے جو آتما کے وودھ سوکھشم شکتیوں کا انوبھو آنے لگتا ہے۔ اسکو وچار اوستھا کہتے ہیں۔
آتما کے آنند سوروپ کا منن اور چنتن کرتے کرتے جو ایک ادبھت ہرش کی اوستھا پراپت ہوتی ہے۔ اس کو آنند اوستھا کہتے ہیں۔ دیہہ آدی سب ستھول تتوؤں سے بھن سوتنتر ایسا میں آتما ہوں۔ میں دیہہ آدی کو چلانے والا ہوں۔ میرے آدھین من آدی شکتیاں ہیں۔ میں ان کے آدھین نہیں ہوں۔ اس پرکار کے منن ندھی آسن سے جو اپنے سوتنتر استتو کا انوبھو پراپت ہوتا ہے۔ اسکو اسمتا اوستھا کہتے ہیں۔ پرارمبھ سمادھی کے یہ پرکار ہیں۔ اور پہلے سے دوسرا اسر لینشٹھ ہے۔ اس سمادھی کو "سمپرگیات سمادھی" کہتے ہیں۔ کیونکہ اس میں اپنے استتو کا بھان ہوتا ہے۔ میں ہوں میں سوتنتر ہوں۔ میں آنند کا اپبھوگ لینا ہوں۔ اس پرکار کی بھاونا بنی رہتی ہے۔ اس لئے یہ پرارمبھ سمادھی کہی جاتی ہے ؛
انت پرارمبھک سمادھی میں چت کی ورتیاں ایکاگر ہو کر رہتی ہیں۔ پرنتو چت کی ورتیوں کا

پورن نہیں ہوتا۔ اس لئے اس سے بھی اوپر چڑھنے کی اوشیکتا رہتی ہے۔ جت ورتیوں
کے پورن لے کے انوبھو کا ابھیاس کرنے سے سب سے اونچ ایسی ایک اوستھا پراپت ہوتی ہے۔
کہ جس اوستھا میں کیول سنسکار ماتر شیش رہتے ہیں۔ اور سب انیہ رہتی سے اپنی کیول
ستّا کا پرم آنند پراپت ہوتا ہے۔ یہاں چت کی ورتیوں کے ساتھ ادھر ادھر بھٹکنا نہیں
ہوتا ہے۔ پرنتو کیول اپنی ہی شدھ اوستھا کا انوبھو دوسرے کی اپیکشا سے نہیں ہوتا پرنتو
اپنا ہی اپنے میں ہوتا ہے۔ اس لئے اس اوستھا کا ورنن شبدوں سے کہا نہیں جا سکتا۔ یہ
سمپرگیات سمادھی ہے۔ اسی کو پراپت کرنا یوگ کا ادھیش ہے۔ منش جب سمادھی کو
پراپت کرتا ہے۔ تب اس کو سندیہ نہیں رہتا۔ جب تک ترک سے باتوں کا جاننا ہوتا
ہے تب تک ہی سندیہ ہوتا ہے۔ ترک سے پرے انوبھو کی اوستھا میں سندیہ کا ہونا
ہی اسمبھو ہے۔

یہ اُتّم اوستھا یوگ سادھن دوارا ہی اپائیوں سے پراپت ہوتی ہے۔ سادھارن اُن
کیلئے یہی راج مارگ ہے۔ پرنتو اس جگت میں ایسے ست پرش ہوتے ہیں۔ کہ جن کو اتنت
اپائیوں کے بنا ہی سمادھی کی اوستھا پراپت ہوتی ہے۔ پورو جنم آجرت سنسکاروں کے کارن
جنم سے ہی اُن کے آتما میں ایسی وکھشن شکتی پردیپت رہتی ہے۔ کہ جس سے اُن کا آتما
سادھارن جنوں کے سمان اندریوں کا غلام نہیں رہتا۔ پرنتو اُن کا سوامی بن کر رہتا ہے۔
تھوڑا سوچنا ماتر سے اُن چت مول پرکرتی میں لین ہو کر وے پورن سمپرگیات سمادھی کا انوبھو
لینے لگتے ہیں۔ جن کا یوگ ابھیاس پورو جنم میں ادھورا رہا ہے۔ اُن کو پورو ابھیاس کا

پچھل جنم سے ہی پراپت ہوتا ہے۔ ابھیاس کیا ہوا ست کرم ہونے سے بھی ویرتھ نہیں جاتا ہے
یہ نیم یہاں سدھ ہوتا ہے۔

ان ست پرشوں کا وچار چھوڑ دیا اور سادھارن جنوں کا ہی وچار کیا تو ان سادھارن جنوں کیلئے
پوروکت اپایوں کے سادھن کا ہی مارگ ہے۔ اس یوگ سادھن کے مارگ میں شردھا
کی سہایتا اوشیہ چاہیئے۔ شردھا نہ ہونے سے یوگ مارگ کا آکرمن کداپی نہیں ہو سکتا۔
شردھا سے یوگ کے سادھن کا انوشٹھان کرتے کرتے ولکشن بل پراپت ہوتا ہے۔
یہی آتنک کاریہ کہلاتا ہے۔ اس آتنک کاریہ کا انوبھو ہوتے ہوتے اپنی شکتیوں کی سمرتی
جاگرت ہوتی ہے۔ اور اس کارن پرلوبھنوں کے اپستھت ہونے پر بھی من چنچل نہیں ہوتا۔ کیونکہ
یہ یوگی اپنی شکتیوں کا سمرن کرتا ہوا شترو بھوت بھاوناؤں سے پرابھوت نہیں ہوتا۔ اس
پرکار اپنی شکتیوں کا انوبھو اور سمرن ہونے سے اس کے آتما میں ایک پرکار کا آتم وشواس اور
ولکشن سماودھان اتپن ہوتا ہے۔ اس کے چہرے پر ہی اس سماودھان کا آنند باہر سے
دیکھنے والوں کو دکھائی دیتا ہے۔ تتھا اس کی بدھی کی گیان شکتی بھی ولکشن پربھاوشالی
ہوتی ہے۔ اس کو ہی پرگیا کہتے ہیں۔ اس لئے اس اوستھا میں یوگی کو پرگیہ کہتے ہیں۔ سادھارن
جنوں کی انتی اس پرکار ہوتی ہے۔

جو منش درڑھ نشچیہ سے اور اچل نشٹھا سے یوگ سادھن کرنے لگتے ہیں۔ ان کی
سدھی نشچیہ ہوتی ہے۔ پرنتو جو پرتی دن نہیں کرےگا۔ ورش انوشٹھان کرتا نہیں رہیگا
اتھوا یوگ ریتی سے نہیں کرےگا۔ اس کو یوگ سدھی نہیں ہو سکتی۔ اس کا کارن سپشٹ ہے۔

پگ ابھیاس کرنے والوں کے پریتن، سادھارن، مدھیم اور اُتم ہونے سے سدھی بھی ویسی ہی سادھارن
مدھیم اور اُتم ہوتی ہے۔ اس مارگ میں یہی وشیشتا ہے کہ جس کا جیسا پریتن ہوتا ہے۔
اُس کو ٹھیک ویسی ہی سدھی پراپت ہوتی ہے۔ جو کہتے ہیں کہ دھیان اتھوا سندھیا آدی
کرنے میں ہمیں آنند نہیں ہوتا۔ اُن کو یہاں کہنا ہے کہ اُن کی ریتی دوشِت یکت ہوتی ہے۔
ریتی نردوش ہوگی۔ تو سدھی اوشیہ ہوتی ہے۔

ایشور کی بھکتی کرنے سے سمادھی شیگھر ہی سادھیہ ہوتی ہے۔ جو ایشور کی بھکتی نہیں کرتے
اُن کو نانا پرکار کے وگھن ہونے کے کارن سدھی ہونے میں دیری ہوتی ہے۔ تتھا بھکتی کے بنا
چت کا وکشیپ بھی ہوتا ہے۔ اس لئے پرمیشور کی دردھ بھکتی لوگ سادھن میں شریشٹھ ہے۔
کلیش، کرم، کرم کا پھل اور واسنا ایشور میں نہیں ہوتی۔ اُس میں نیونتا نہ ہونے کے
کارن کلیش نہیں ہوتا۔ سدا ترپت ہونے کے کارن اپنی اچھا کی ترپتی کے لئے کرم کرنے
کی ضرورت اُس کو نہیں ہوتی۔ بُرے بھلے کرم نہ ہونے کے کارن کرم کے بھوگ وہاں نہیں
ہوتے۔ یہ بات آج پراپت ہوگئی۔ اب کل دوسری پراپت کرونگا۔ اس پرکار کی
واسنا نہیں ہے۔ اس پرکار کا سدا پورن آنندگھن ایک رس اور سرو پرکار سے
ترپت اور پری پورن پرمیشور ہے۔ اس کو پرش اتھوا پرماتما کہتے ہیں ؛

اس ایشور میں سب سدگنوں کی پرم اودھی رہتی ہے۔ اس سے کوئی بھی ادھک نہیں ہے
سب میں جو اُتمتا آتی ہے۔ وہ اُسی سے آتی ہے۔ سروگیان کا وہی پری پورن
بھنڈار ہے ؛

وہ ایشور انادی اننت ہونے سے سب کا گورو ہے۔ پراچین سے پراچین جو سنت پرش ہوئے اُن کا بھی وہی گورو تھا۔ بھوشیہ میں جو سادھو سنت ہونگے۔ اُن کا بھی وہی گورو ہوگا۔ سب کال کے سب گوروؤں کا وہی سچا پرم گورو ہے ؛

پرنو ارتھات اوم کار اُس کا واچک شبد ہے۔ پرنو کا جپ اور پرنو کے ارتھ کا چنتن کرنا چاہیئے۔ شردھا بھکتی پوروک اُکت پرکار اوم کار کا جپ کرنے سے سمادھی کی سدھی ہوتی ہے۔ اس پرکار جپ اور منتر ارتھ کی بھاونا کرنے سے آتما کے انتر سنکلپوں کا بودھ ہوتا ہے۔ جیو آتما کا سوروپ گیان اسی سے ہوتا ہے کیونکہ شریر سے جیو آتما کا بھِن تو اُسی اُپائے سے سپشٹ گیات ہوتا ہے۔ تتھا سب وِگھن دور ہوتے ہیں۔ جہاں پرمیشور کی بھکتی ہوتی ہے وہاں کوئی وگھن نہیں ٹھہر سکتا۔ اس پرکار پرمیشور بھکتی کی سرو شریشٹھتا ہے۔ اس لئے ہر ایک کو اُچت ہے۔ کہ وہ اس بھکتی کے آسرے سے اپنی اُنتی کا سادھن کرے ؛

وِگھنوں کا وچار

یم نیم آدی سادھنوں دوارا ہٹھ یوگ کرنے سے شریرک اور راج یوگ دوارا مانسک اور آتمک سواستھ پراپت ہوتا ہے۔ پرنتو نرِوگھنتا سے یوگ کا سادھن ہونا آوشیک ہے۔ یوگ سادھن کرنے کے سمے نانا پرکار کے وگھن اتپن ہو سکتے ہیں۔

اُن کا یہاں تھوڑا سا وچار کریں گے ۔

شریرک وگھن سب سے پرتھم دیکھنے ہوتے ہیں ۔ وہ وِدھ پرکار کی بیماریاں نانا پرکار کے
چھوٹے اور موٹے روگ جوڑ اجیرن پھوڑے پھنسیاں آدی سب شریرک وگھن ہیں ۔
ان کے ہوتے ہوئے کوئی کرم اچھی پرکار نہیں ہو سکتا ۔ اس لئے روگوں سے دور ہونے کا یتن
کرنا آوشیک ہے ۔ اُتم ہوا میں ، اُتم استھان میں اچھے مکان میں رہنا ۔ یوگیہ
اروگیہ وردھک بھوجن کرنا تتھا ویایام آدی کر کے شریر کا سواستھیہ سمپادن کرنا
بہت ضروری ہے ۔

من کی اوستھا دوسرا وگھن ہے ۔ کئی لوگ ایسے ہوتے ہیں ۔ کہ وہ دل سے کسی اچھے
کاریہ کو کرنا چاہتے ہیں ۔ پرنتو اُن کے من کی اوستھا ایسی کچھ رہتی ہے ۔ کہ وہ چاہتے
ہوئے بھی کچھ کر نہیں سکتے ۔ یہ بڑا بھاری اور بھیانک وگھن ہے ۔ اس دوش کے
کارن کئی بدھی مان منش نکمے ہو گئے ہیں ۔ اس لئے اس کو ہٹانے کے لئے من کے
اندر اُتساہ اور سپھورتی کے بھاو رکھنا چاہئے ۔

اپنی شکتی کے بارے میں کئی آدمیوں کو شک رہتا ہے ۔ میں اس کاریہ کو کر سکوں گا
یا نہیں ۔ اسی وشے میں یہ لوگ شک کیا کرتے ہیں ۔ رہتے ہی سمے کو گزار دیتے
ہیں ۔ یہ شکی طبیعت بہت بری ہے ۔ اپنے بل کا ناش اس شک سے ہوتا ہے ۔ بلوان
بھی شک کے کارن اتینت نربل ہوتا ہے ۔ بدھیمان بھی بدھی ہین بنتا ہے ۔
جو اپنے وشے میں شک کرتے ہیں ۔ وہ ناش کو پراپت ہوتے ہیں ۔ ایسا بھگوان

شری کرشن نے اپنی گیتا میں کہا ہے۔ اس پرکار سب کا ناش کرنے والا سنشیہ ہے۔
اس لئے اس کو دور کرنا اُچت ہے۔ نشچیہ اور درڑھ وشواس کو پاس کرنے سے سب
اُنتی ہوسا وشیہ ہوتی ہے ؛

شک کا دوسرا ایک پرکار ہے۔ جس سے سادھک کے من میں یہ شک پیدا ہوتا ہے۔
کہ جو کاریہ اتوا ادھیوگ میں کر رہا ہوں اس سے میرا ابھیشٹ ہوگا یا نہیں۔ اس پرکار
کے شک کے کارن شروع کئے ہوئے پریتن پر سے اُس کا وشواس ہٹ جاتا
ہے۔ اس لئے یا تو اُس کاریہ کو وہ اچھی پرکار کرنے میں اسمرتھ ہو جاتا ہے۔ اتوا
اُس کو چھوڑ کر دوسرا۔ دوسرے کو چھوڑ کر تیسرا کاریہ کرنے لگتا ہے۔ اور انت تک
کسی ادھیوگ کو پورن اور کومیہ رہتی سے نبھاہ نہ سکنے کے کارن اُس کا سروتر
نقصان ہوتا ہے۔ اس لئے سادھک کا سادھن پر پورا وشواس چاہئے۔
سب پرکار کی سادھن سامگری تیار موجود ہونے پر بھی سنشیہ کے کارن نشچت کاریہ
نہیں ہو سکتا۔ اس لئے سنشیہ کو دور کرنا اُچت ہے ؛
غلطیاں اور اشدھیاں کرنے کو سوبھاو لوگوں میں اتنا ہوتا ہے۔ کہ اسی کارن اُن سے
سادھارن کام بھی ٹھیک پرکار پورن نہیں ہو سکتے۔ اس لئے سب کو اُچت ہے کہ
وہ دکھشتا کو دھارن کرکے بنا اشدھی کرتے ہوئے۔ ہر ایک کاریہ کرنے کا ابھیاس
کیا کریں۔ ادھیوگ چھوٹے سے چھوٹا ہو اتوا بڑے سے بڑا ہو۔ اپنی اور سے ایسی
خبرداری رکھنی چاہئے۔ کہ اُس کے کرنے کے سمے کسی پرکار بھی کوئی غلطی نہ ہو سکے ؛

آلس بڑا بھاری وگھن ہے۔ آلسی منش کسی کاریہ کے لئے گویہ نہیں ہے۔ اس جگت میں آلسی منش کسی کاریہ میں اُنتی نہیں پراپت کر سکتا۔ اپنی اُنتی کرنے کیلئے تتھا دوسروں اُپکار کرنے کے لئے اُدھیوگی سوبھاو کی بڑی بھاری آوشیکتا ہے۔ اس لئے اُدھیوگی آلس کو دور کرکے پرشارتھ اور اُدھیمی سوبھاو کو پاس کرنا اُچت ہے۔

آلس ہی منش ماتر کا سچا شترو ہے۔ اس سے جگت کا جتنا ناش اور گھات ہو رہا ہے۔ اُتنا کسی انیہ شترو سے نہیں۔ آلس ایک پرکار سنسرگ جنیہ روگ ہے۔ آلسی منشوں کے ساتھ رہنے سے منش آلسی بن جاتا ہے۔ اس لئے سب کو اُدھیم شیل پرشوں کی ہی سنگت کرنا اُچت ہے۔

کئی لوگ ایسے ہوتے ہیں۔ کہ وہ ضروری کام تو کریں گے نہیں۔ پرنتو دوسرے ہی کاموں میں اپنا سب سمے لگائیں گے۔ اس سوبھاو سے بڑی ہانی آتی ہے۔ کیونکہ اُن سے ضروری کام نہیں ہوتے۔ اسلئے ان کی اُنتی نہیں ہو سکتی۔ اور اناوشیک کاموں میں سب شکتی کا ناس ہونے کارن اُن کو کسی پرکار بھی لابھ ہو نہیں سکتا۔ اس لئے ضروری کرتویہ باتیں ہوتی ہیں۔ اُن کو کرنے کیلئے ہی اپنی سب شکتی کا خرچ کرنا اُچت ہے۔

من کے ہجوم اُتین ہونا بھی ایک بڑا بھاری وگھن ہے۔ دربل منش نہ تو اپنے وچار دوسروں کو ٹھیک پرکار کہہ سکتا ہے۔ نہ دوسروں کا کہا ہوا اُپدیش ٹھیک پرکار گرہن کر سکتا ہے۔ کسی کام کو کرتے کے وقت دربل اُتین ہونے سے اُس کاریہ کا ٹھیک

بڑھا رہنا بھی ناممکن ہے۔ اس لئے یوگ سادھن کرنے والوں کو اُچت ہے۔ کہ من کے
وکاروں کو دور کریں۔ جو انتی سے ہر پرکار کا نشٹ کا نقصان ہی ہے ۔

پریتن کرنے پر بھی کتنیوں کی یوگیہ پرکار سے اُنتی نہیں ہوتی۔ ارتھات جس ریتی
سے من کی ایکاگرتا آدی ہونی چاہیئے اُس ریتی سے نہیں ہوتی ہے۔ یہ ایک بڑا
بھیانک وگھن ہے۔ تتھا چت کی ایکاگرتا کنچن ماتر ہونے پر بھی ادھک دیر تک
نہیں ٹھہرتی۔ سدھی کا کیول بھاس ماتر ہو جاتا ہے۔ اس سے کئی آدمیوں کی ادھک پرگتی
نہیں ہوتی۔ اس کے لئے وودھی پرورتی پتوں سے انیک کارن ہو گئے ہیں۔ جو جس کے
پاس وگھن روپ کارن ہوگا۔ اس کو دور کرنے کا اوشیہ یتن ہونا اُچت ہے۔ نہیں
تو کاریہ کی سدھی کبھی نہیں ہوگی ۔

یہ سب وگھن ہیں۔ ان کے کارن اونتی ہوتی ہے۔ سب پرمارتھی منشیوں کو
اُچت ہے۔ کہ وہ ان شتروؤں کو دور کرنے کا اُپائے اوشیہ کریں جب تک ان میں سے
ایک بھی رہیگا۔ تب تک کوئی سدھی پراپت نہیں ہوگی۔ اب ان شترو روپ وگھنوں کے
ساتھیوں کا وچار کریں گے ۔

دکھ کرنے کا سوبھاو بھی اُکت شتروؤں کا ایک ساتھی دار ہے۔ کئی لوگ ایسے ہوتے ہیں۔
کہ جو سدا روتے رہتے ہیں۔ سردی پڑی تو بھی روتے ہیں۔ اور دھوپ نکلی تو بھی روتے ہیں۔
اُن کو ورشٹی سے بھی کشٹ ہوتے ہیں۔ اور ہر جگہ پردیش میں بھی اُن کو دکھ ہے۔
دیکھو جس ایسے لوگوں کیلئے یہ جگت نہیں ہے۔ اس جگت کی اور دکھ کے بھاو سے

دیکھنا اُچت نہیں ہے۔ یدی ابھیاس میں چت گھبرانے پر ایک اوستھا میں منش پرسن چت
رہ سکتا ہے۔ سدا آنندت ورتی رکھنے کا ابھیاس کرنا اُچت ہے۔ اس پرکار کی
ورتی رکھنے سے بڑا آنند اور اُتساہ سونیم اتپن ہوتا ہے۔ پرتی ایک پرشارتھ یوگ
رہنے سے کرنے لیئے منش کو یہ بنتا ہے ؛

کئی لوگوں کا من سدا اُداس رہتا ہے۔ یہ دُرمن کی ورتی بھی بڑی بری ہے۔ اس
پرکار کے من کے کارن منش شکتی ہین ہوتا ہے۔ اپنی اچھا کا تھوڑا سا پرتی رودھ ہوا
تو اُن کا من کھشبدھ ہو جاتا ہے۔ اس اداس ورتی والے لوگوں سے کوئی پرشارتھ
ٹھیک نہیں ہو سکتا۔ اس اداس ورتی کے لوگوں کو بچوں کی اور کھیلنے سے بھی آنند
نہیں ہوتا۔ بالکوں کی پرسن ورتی سے اُن کا چت پرسن نہیں ہوتا۔ بہار رتوں اور پشپوں کے
سندر درشیوں سے ان کے منوں پر اُدات پرنیام نہیں ہوتا اور نہ اُن کو پراتا کال اور سانیہ کال
کے رمنیہ درشیہ آنند دے سکتے ہیں۔ اداسینتا کا اندھیرا ان کے من پر چھایا ہوا رہتا ہے۔
جس کارن لوگ سادھن کے لیے اُتساہی پرسن ورتی ان کو نہیں پراپت ہوتی۔ یہ سدا اپنا شش
ہو کر سب پرسناتوں سے پیچھے ہٹتے ہیں اور اُدیم ہین ہونے سے ادھوگتی کو چلتے ہیں۔
اس لیئے یوگ سادھن کرنے والے منش کو چاہیئے کہ اپنے من سے درمنتا کے بھاو کو
سدا دور رکھیں۔ اور اُتساہ پورن پرسنتا سدا اپنے ساتھ رکھیں ؛

کئی منشوں کے شریر میں کمپ ہوتا ہے۔ شریر تھوڑے سے شرم سے کانپنے لگتا ہے
اس سے بھی چت ورتی کی ایکاگرتا نہیں ہو سکتی۔ اور سادھن پراپت ہونے پر اور گھن

اُتپن ہوتا ہے - کوئی سا ودھان کاریہ بھی ان سے ٹھیک پرکار نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اوپوں میں سمترتا ہی نہیں رہتی - جب شریر کانپنے لگتا ہے - تب من ہی بڑا چنچل ہوتا ہے - اس لیئے اندریوں اوپوں اور انگوں میں سمترتا پراپت کرنے کا ابھیاس کرنا ضروری ہے - کئی لوگوں کی پران دھارن شکتی کمزور ہوتی ہے - جب سوانس اندر لیا جاتا ہے - تب وہ وہاں ٹھہر نہیں رہتا - اور روکنے پر بھی سونیم باہر نکلنے لگتا ہے - تتھا جب سانس باہر نکلنے پر پھر ایک دم اندر کھنچنے لگتا ہے - پھیپھڑوں کی کمزوری کے کارن کئی لوگوں کو ایسا ہوتا ہے - اس سے پرانایام کا ابھیاس ٹھیک پرکار ہونے میں بڑا بھاری وگھن ہوتا ہے - اس لیئے اس کمزوری کو دور کرنے کا پرتین ہونا ضروری ہے ۔

یہ سب وگھن، کشٹ اور دوش ہیں - ان کی اور بھی انیک بھید ہیں - ان کو یا ٹھیک وچار کرنے سے جان سکتے ہیں - ان کو دور کرنا چاہیئے - ان کے دور ہوئے بنا منش کی یوگ کریا اچھی طرح نہیں ہو سکتی - اس لیئے ایک ایک تتو کا ابھیاس کرکے اس اس دوش کو دور کرنا ضروری ہے - جیسے کسی کا شریر روگی ہوگا تو اس کو لازم ہے - کہ وہ اپنے شریر کے تتو کا ٹھیک پرکار ابھیاس کرے - اور اُس کو نروگ رکھنے کے نیموں کو جانے - اگر کسی کی آنکھ بڑی کمزور ہے - تو اسکے لیئے وہ اپنی درشٹی ستھر کرنے کا ابھیاس شنے شنے کرے۔ اس پرکار درڑھ نشچیہ پوروک ابھیاس کرنے سے ان دوشوں دور ہوتے ہیں - ان سب دوش ہر ایک میں نہیں رہتے - کوئی دوش کسی میں اور کوئی کسی میں ہوتا ہے - جو دوش جس کسی میں ہو اسکو اُچت ہے - کہ وہ اُسکے نوارن کرنے میں سہایتا دینے والے تتو کا ابھیاس

خِنّے شِنّے اور ورِدّھ نِشچے سے کرنا ہے۔ تھوڑے ہی سمے میں اُس کا دوش دور ہو گا اور
اُس کا چت شانت اور پرسن ہونے لگیگا۔ پرنتو یہ سب سوسادھیہ ہونے کیلئے پرمیشور
کی بھگتی کرنا اُچت ہے۔ پرمیشور پر درڑھ اور پورن وشواس رکھنا چاہیئے۔ اور من میں درڑھ
سنکلپ رکھنا چاہیئے کہ سروشکتمان پرمیشور اپنی اپار دیا سے سب وگھنوں کو دور کریگا۔
اور اُس کی بھگتی سے میں تو نہ بن پرسیوں یوگ کی سدھی پراپت کرسکوں گا۔ بات پر یہ
پرمیشور کی بھگتی سے سب سنکٹ دور ہو جاتے ہیں۔ پرمیشور سروشکتمان نے ہونے سے
جب بھگتی سے اُس کا دھیان کیا جاتا ہے تب اُس کی سروشکتمان میتا اُپاسک کے من
میں شنا ہنا آنے لگتی ہے اور اس کارن اُس سے سب دوش دور ہونے لگتے ہیں۔

اور بھی اپائے ہیں جو ساتھک کرکے لو یہ ہیں۔ جو بڑے پرسن چت، آنند ورتی اور
اُتساہ پورن لوگ ہوتے ہیں۔ اُن کی سنگتی میں رہنا اُن کا چال چلن دیکھنا ایسے پرشوں
کے ویوہار کا انکرن کرنا۔ ایسے لوگوں کے سنگھوں میں رہنا۔ شریر سے نیروگ اور بول
سے بلوان، من سے تیجسوی، چت سے پرسن، بدھی کے چتر اور آتما میں اُتساہ دھارن
کرنے والے جو ہوں گے اُن سے ہی میتری کرنا اُچت ہے۔ اپنے شریر آدی کو دکھ ہونے پر
جیسے کشٹ ہوتے ہیں۔ ویسے ہی سب پرانی ماتر کو ہوتے ہیں۔ ایسی من میں بھاونا
رکھکر دکھیوں پر دیا کرنا۔ دکھی لوگوں اور پرانیوں کے کشٹ دور کرنے کیلئے سدا اُتت
پر رہنا۔ اپنے کایاہ واچا من اور دھن آدی سے دوسرے دکھیوں کے دکھ دور
کرنے کا یتن کرنا۔ سو نیم دکھوں سے نہ ڈرتے ہوئے دوسرے دکھوں کو دور کرنا

اور ایسے سمے جو اپنے شتر آدی کو کشٹ ہو گئے اُن کو آنند سے ہنستے ہوئے سہن کرنا یہ بڑی یوگ ہے۔ اس ابھیاس سے چت کی ایسی اوستھا ہوتی ہے۔ کہ کتنا بھی دکھ ہو پرنتو پرسنّ رہتا ہے۔ یہی ایک پرکار کا بڑا بھاری تپ ہے۔ دوسروں کے دکھ خود اپنے آپ پر لینے اور دوسروں کو سکھی کرنے کے ابھیاس سے من بڑا درڑھ ہو جاتا ہے۔ سداچاری شریشٹھ دھرماتما لوگوں کی اُنتی دیکھ کر۔ اُن کے ساتھ حسد۔ دویش نہ کرتے ہوئے اُن کا پرسنتا کے ساتھ ابھی نندن کرنا۔ من میں ایسا وچار دھارن کرنا کہ میں بھی ایسا مہاتما اور دھرماتما بنوں گا۔ اور شریشٹھ ہو جاؤں گا۔ کئی لوگ دوسروں کی اُنتی دیکھ کر اُن شریشٹھ پرشوں کا دویش کرنے لگتے ہیں اور گر جاتے ہیں۔ دوسروں کے اُدے سے آنند ہونا چاہیئے ؛

جو لوگ درآچاری ہوتے ہیں۔ اُن کا وچار ہی چھوڑ دینا اُتم ہے۔ دشٹ درآچاری لوگوں کا سمرن کرنے سے دشٹتا کی کلپنا من میں آتی ہے اور چت کا من دوشت ہو جاتا ہے۔ اس لیے ان دشٹوں کے ساتھ اُداسین ورتی سے رہنا یوگیہ ہے۔ دشٹ درآچاری لوگوں کے سمیپ آنے سے اُن کا دویش نہ کیجئے اور اُن کے دور ہونے سے آنند نہ مانیئے۔ کسی پرکار بھی اُن کا وچار نہ کیجئے۔ ارتھات اس جگت میں، درآچاری لوگ ہیں۔ یہ وچار بھی آپ کے من میں نہ آوے۔ ایسی اُپیکشا کیجئے ؛

اس پرکار کرنے سے چت کی ستھتی پرسنتا ہوتی ہے۔ چت کی ورتیوں کا کشوبھ ہونے سے بڑا کشٹ ہوتا ہے۔ اس کشٹ کی نورتی کرنے کے لئے اوپر کہے انوسار ویوہار کرنا اُچت ہے۔

من کی چنچلتا کو روکنا چاہیئے۔ دکھ سے اتھوا سکھ سے من کی چنچلتا ورتی ہوتی ہے۔
دکھ ہونے پر اوستھا میں من شانت اور پرسن رکھنے کا ابھیاس کرنا چاہیئے۔ ایسا
ابھیاس ہونے سے من بڑا درڑھ بن جاتا ہے۔ اور اس کارن آتما میں پرسنتا سدا
سھر رہ سکتی ہے۔ اس لیئے ان باتوں کا اوشیہ وچار کرنا اچت ہے۔

تپ کا ابھیاس

یوگ سادھن کرنے کی اچھا جو لوگ دھارن کرتے ہیں۔ ان وشیشت اُشن آدی
دوندوں کو سہن کرنے کا ابھیاس کرنا اچت ہے۔ آج کل کے فیشن کے کارن سدا
سمودا کپڑے منش پر دھارن کیئے جاتے ہیں۔ اس سے سردی گرمی سہن کرنے کا شریر
کا ابھیاس کم ہوگیا ہے۔ ہوا میں تھوڑی سی اشنتا ہونے سے شریر کو کشٹ ہوتا ہے۔
اور تھوڑی سی سردی لگنے سے جور آدی انیک بیماری اتپن ہوتا ہے۔ یہ اوستھا دور کرنا
اتینت آوشیک ہے۔

شیت جل سے سنان کرنے کے ابھیاس سے یہ شریر کا اور من کا اتساہ بھی بڑھتا ہے۔
پرنتو سردی کے کارن اتپن ہونے والے بہت سے روگ دور ہو جاتے ہیں۔
بار بار زکام آدی ہونے سے جو کشٹ ہوتا ہے۔ یہ سب کشٹ اس ابھیاس سے

دور ہوتے ہیں ؛

کوئی ابھیاس کرنا ہو۔ تو شنا شنا کرنا ٹھیک ہے۔ نہیں تو بڑی ہانی ہو سکتی ہے۔ جو لوگ بڑی سمردھی میں پلے ہوئے ہوتے ہیں۔ گرم پانی سے سنان کرنیکا جن کا ابھیاس ہوتا ہے۔ نرم نرم گدیلوں میں لیٹ رہنے کا ابھیاس جن کو بالپن سے ہوتا ہے۔ ان کو اچت ہے۔ کہ وہ ہر قسم لوگ سادھن کرنیکا من سے پورن نشچے کریں۔ اور شنا شنا سردی اور گرمی سہن کرنے کا ابھیاس بڑھاتے جائیں۔ شیگھرتا کرنے سے کوئی لابھ نہیں ہوگا۔ آہستہ آہستہ اپنا ابھیاس بڑھانے سے سب کچھ تھوڑے سمے میں سادھیہ ہو سکتا ہے ؛

اشن اودک سے سنان کرنے والے جو ہونگے۔ ان کو اچت ہے۔ کہ آہستہ آہستہ تھوڑا اشنتا کا پرمان کم کریں۔ اور دو تین مہینے شیت جل سے نہانا شروع کریں۔ اشن اودک سے سنان کرنے سے پرانایام کرنیکے بڑے کشٹ ہوتے ہیں۔ اس لئے شیت اودک کا سنان اچھا ہوتا ہے۔ کیونکہ شیت اودک کے سنان سے شریر کے (Nerves) گیان تنتوؤں میں پھرتی چستی اتپن ہوتی ہے۔ اور دیہ میں سکومتا اور شانتتا پراپت ہوتی ہے۔ اس لئے اس کا ابھیاس کرنا اچت ہے۔ پرنتو کئی لوگ ایسے اوچاری ہوتے ہیں۔ کہ جو اپنے شریر کے بل کا کوئی وچار نہ کرتے ہوئے اوچار سے ہی ایک دم ٹھنڈے پانی کا سیون شروع کر دیتے ہیں۔ اس پرورتی سے بڑا نقصان ہوتا ہے۔ شیت جل سنان کا ابھیاس آہستہ آہستہ کرنے سے بڑا لابھ ہوتا ہے۔ پرنتو اوچار کرنے سے بھیانک پرنام ہوا کرتا ہے ؛

اسی پرکار اُشنتا کا سہن کرنے کا ابھیاس بھی بڑھانا چاہئے۔ کھلے انگ سے تھوڑی دیر دھوپ
میں بھرمن کرنے سے اس کا ابھیاس ہو جاتا ہے۔ اس پرکار کرنے سے شریر کا تیج اور آروگیہ
بڑھتا ہے۔ تتھا ترو گتا پراپت ہونے میں سہایتا ہوتی ہے۔ کیونکہ سورج پرکاش ہی
سب کا آروگیہ وردھن کرنے والا ہے۔ جو لوگ سدا شریر پر کپڑا دھارن کرتے ہیں۔ ان کو
اُچت ہے۔ کہ وہ پرتی دن اپنے کو "آتپ اسنان" ارتھات دھوپ میں کھڑے رہنے کا
ابھیاس کیا کریں۔ آہستہ آہستہ ابھیاس کرنے سے بہت لابھ ہوتا ہے۔ جو لوگ کیول بند مکانوں
میں بیٹھے رہتے ہیں۔ ان کو اس ابھیاس سے اپورو آروگیہ پراپت ہو سکتا ہے۔
شیت اُدک کے سنان کا ابھیاس پرکرم کرنا ہو۔ تو اُشنتا کی رتو میں کرنا اُچت ہے
تتھا آتپ سنان کا پرارمبھ کرنا ہو تو سادھارنتیا جس میں سردی گرمی بہت نہیں
ہوتی۔ ایسے ~~سمے~~ سمشیتوشن کال میں کرنا اُچت ہے۔
شریر کو تھوڑا کشٹ سہن کرنے کا ابھیاس بھی کرنا چاہئے۔ جیسا پیدل چلنا۔ ورزش کرنا
دوڑنا۔ تیرنا آدی پرکار کے ابھیاس سے شریر سوادھین کرنا چاہئے۔ آسنوں کے ابھیاس
کے لئے لچیل شریر ہونے سے سُبھیتا ہوتی ہے۔ ستھول شریر ہونے سے بڑے کشٹ
ہوتے ہیں۔ جن کے پیٹ بڑھے ہیں۔ ان کو اُچت ہے۔ کہ وہ سب سے پہلے پیٹ کو
کم کرنے کا ابھیاس کریں۔ بڑھا ہوا پیٹ مرتیو کا گھر سمجھا جاتا ہے۔ یوگ کے آسنوں
میں پیٹ کو ٹھیک کرنے والے بھی بہت سے آسن ہوتے ہیں۔ تات پریہ شریر میں
چلنا رکھنا چاہئے۔ اِتی

اتی بھوجن کرنا کدابی اُچت نہیں۔ تتھا بہت اُپواس کرنا بھی یوگیہ نہیں۔ تتھاپی سپتاہ میں
اتھوا پندرہ دنوں میں ایک آدھ سمے بھوجن کا النگھن کرنا آروگیہ دایک ہوتا ہے۔ یدی النگھن
ابھیاس کرنا
نہ ہو سکے تو اس دن اتھوا اس سمے تھوڑا آہار، دگدھاہار تتھا پھل آہار کرنا یوگیہ ہے
دن میں دو بار ہی بھوجن کرنے کا ابھیاس کرنا چاہیئے۔ جو ایک بھکت رہتے ہیں۔ ان کا ابھیاس سب
سے اُتم ہے۔ پرنتو جو دن میں پانچ چھ بار کھاتے رہتے ہیں۔ ان کی صحت ٹھیک
نہیں رہتی۔ اس لئے کھان پان کے وشے میں اپنی پرکرتی کے انوسار یوگیہ نیم کرنا اُچت
ہے۔ یوگ سادھن کتنا ہی کیا جائے۔ اور بھوجن کا انیم ہو تو سادھن نشپھل ہو جاتا ہے۔
اس لئے بھوجن کے وشے میں یوگ نیم رکھنا اُچت ہے۔ اسی پرکار نیندرا، آرام اور ویایام
آدی کے بھی یوگ نیم کرکے ان کے انوسار چلنے کا ابھیاس کرنا چاہیئے۔ انیم ہونے سے
یوگ کا سادھن نہیں ہو سکتا۔ اتی نیندرا کرنا۔ اتی جاگرن، بہت برا ہے۔ اتی نیندرا
سے سستی بڑھتی ہے۔ اور اتی جاگرن سے خشکی بڑھتی ہے۔ اسی پرکار بہت آرام لینے سے
پرکرتی آلسی بننے لگتی ہے۔ اور بالکل آرام نہ کرنے سے آروگیہ ستھر نہیں رہ سکتا۔ اتی
ویایام کرنے سے بڑے اوگھ کشٹ ہوتے ہیں۔ اور بالکل ویایام نہ کرنے سے شریر
شتھل ہو جاتا ہے۔ تاتپریہ، ایسا ابھیاس کرنا چاہیئے۔ کہ جس سے تھوڑے
کشٹ سہن کرنے تتھا اشن سہن کرنے کا شریر کو ابھیاس ہو۔ نازک، کومل
اور سکھ ابھلاشی پرکرتی والا شریر نہیں بنانا چاہیئے۔ جو اپنے شریر کو سکمار
اور سکھ ابھلاشی بناتے ہیں۔ ان سے کوئی کاریہ نہیں ہو سکتا۔ اس لئے شرم (محنت)

کر نیا ابھیاس کرنا ضروری ہے۔ سکھ اللبدشی شریر سے لوگ سادھن کا درڑھ ابھیاس نہیں ہو سکتا۔
اس پرکار کا سمبندھ سہن شکتی سے یکت شریر بنانے کا ابھیاس کرنا ہی تپ ہے۔ شریر کو
تپ ضرور کرنا چاہیئے۔ کیلوں کے بچھونوں پر بیٹھنا، الٹا لٹکے ہو کر دھوم پان آدی
کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ آسُری سوبھاو والے لوگ اپنے ہاتھوں کو اوپر ہی رکھ کر سکھاتے
ہیں۔ اور اس پرکار کے وودھی پرکار کرتے ہیں۔ پرنتو اس پرکار آسُری اپائے کرنے کی
